سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۲۳ مکیۃ ۷۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۱۱۸ رکوعاتہا ۶

سورۂ مومنون مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۱۸ رکوع ۶

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾

بے شک کامیاب ہوئے ایمان والے● جو اپنی نماز میں گڑگڑاتے ہیں●

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ

اور جو بیکار باتوں سے کنارہ کش ہیں● اور جو زکوٰۃ کو ادا

فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى

کرنے والے ہیں● اور جو اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھنے والے ہیں● مگر

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ﴿۶﴾ فَمَنِ

اپنی نکاحیوں پر، یا جو باندیاں دستِ ملکیت میں ہیں، کہ ان پر کوئی الزام نہیں● ہاں جس

ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

نے ان دو کے سوا کی نفسانی خواہش کی، تو وہ حد سے بڑھ جانے والے ہیں● اور جو اپنی امانتوں

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

اور عہد کے خیال رکھنے والے ہیں● اور جو اپنی نمازوں پر

يُحَافِظُوْنَ ۘ﴿۹﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ

نگرانی رکھتے ہیں --●-- وہی لوگ ہیں ایسے وارث● جو میراث لیں گے فردوس کی۔

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ

اس میں ہمیشہ رہنے والے● اور ہم نے واقع میں پیدا فرمایا ایک انسان کو منتخب مٹی

طِيْنٍ ۚ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۚ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ

سے● پھر بناتے رہے ہم اسے ایک قطرہ، ایک مضبوط مقام میں● پھر بنا دیتے رہے قطرہ کو گاڑھا

عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

خون، پھر گاڑھے خون کو بوٹی، پھر بوٹی کو ہڈیاں، پھر پہنا دیا

الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ

کیے ہڈیوں کو گوشت۔ پھر ابھارتے رہے اور صورت سے۔ تو کیسی برکت دکھائی اللہ نے، نہایت

الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ

خوب پیدا کرنے والا● پھر بلاشبہ تم لوگ اس کے بعد مرنے والے ہو● پھر یقیناً تم قیامت کے

الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا

دن اٹھائے جاؤ گے● اور ہم نے پیدا فرمایا تمہارے سروں پر سات راستے۔ اور نہ تھے

كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ

ہم مخلوق سے غافل● اور اتارا ہم نے آسمان کی طرف سے پانی ایک مقدار

فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

میں، پھر اسے رکھا زمین میں۔ اور ہم اس کے لے جانے پر قادر ہیں●

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۖ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ

پھر پیدا فرمایا ہم نے تمہارے لئے اس سے باغ، کھجور و انگور کے۔۔۔ تمہارے لئے جس میں بہتیرے

كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ

میوے ہیں اور اس سے تم کھاتے رہتے ہو● اور ایک درخت جو نکلتا ہے طور سینا سے، اگتا ہے

بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ

تیل لے کر، اور سالن کھانے والوں کیلئے● اور بے شک تمہارے لئے چوپایوں میں ضرور سبق ہے۔

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا

کہ ہم پلاتے ہیں تمہیں جو ان کے پیٹوں میں ہے، اور تمہارے ان سے بہتیرے فائدے ہیں، اور ان میں سے

تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

ہیں کہ تم کھاتے ہو● اور ان پر، نیز کشتیوں پر لادے جاتے ہو● اور بے شک بھیجا ہم نے

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۖ

نوح کو ان کی قوم کی طرف، تو حکم دیا کہ اے قوم پوجو اللہ کو، تمہارا کوئی معبود نہیں اس کے سوا۔

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ

تو کیا اللہ سے نہیں ڈرتے؟● تو بولے قوم کے چودھری لوگ جنھوں نے کفر کیا، ”کہ یہ نہیں ہے

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

مگر تمہاری طرح بشر۔ چاہتا ہے کہ بڑھ جائے تم پر۔ اور اگر اللہ چاہتا،

لَا نُزِّلَ مَلٰٓئِكَةً ۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ

تو اتار دیتا فرشتے۔ ہم نے نہیں سنا یہ اپنے اگلے باپ دادوں میں● وہ بس

اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ

دیوانگی کا ایک مرد بیمار ہے، تو انتظار کرو کچھ مدت کا"● دعا کی نوح نے کہ "پروردگار امیری مدد

بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا

فرما، جو ان سب نے جھٹلا دیا ہے"● تو ہم نے وحی بھیجی انکی طرف کہ کشتی بناؤ، ہمارے سامنے اور ہمارے

فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ

کہے پر تو جب آ گیا ہمارا حکم، اور ابلنے لگا تنور، اب چڑھا لو اس میں ہر چیز کے جوڑے

اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ

دو، اور اپنے گھرانے کو، مگر ان میں سے جس پر بات پہلے ہی طے ہو گئی، اور مت بولنا مجھے انکے

فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ

لئے جو اندھیر کر چکے ہیں، کہ وہ بلاشبہ ڈبوئے جائینگے● پھر جب برابر بیٹھ گئے تم اور تمہارے

مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ

ساتھی کشتی پر، تو بولو، کہ "ساری حمد اللہ کیلئے، جس نے بچایا ہمیں اندھیر مچانے

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ

والی قوم سے"● اور دعا کرو، کہ "پروردگار امجھ کو اتار کسی مبارک فرودگاہ پر، اور تو بہتر

الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا

مہمان نواز ہے"● بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں، اور بلاشبہ ہم انکے امتحان لینے والے تھے● پھر اٹھایا ہم

مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ

نے ان کے بعد دوسرے طبقہ کو● پھر بھیجا ان میں رسول ان میں سے، کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ ع ۲

پوجو اللہ کو، نہیں ہے تمہارا کوئی معبود اسکے سوا، تو کیا اسے نہیں ڈرتے● اور جواب دیا ان کی

مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ

قوم کے چودھریوں نے، جنھوں نے کفر کیا تھا اور جھٹلاتے تھے آخرت کی ملاقات کو، اور آسودہ حال کر

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ

رکھا تھا ہم نے انھیں دنیاوی زندگی میں، کہ "یہ نہیں ہیں مگر تمہارے جیسے بشر، کھاتے ہیں جو تم کھاتے ہو،

مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ

اور پیتے ہیں جو تم پیتے ہو● اور اگر تم نے کہا مان لیا کسی اپنی طرح سے بشر کا، تو

اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا

بلاشبہ تم رہے گھاٹے والے● کیا تم لوگوں سے وہ وعدہ کرتا ہے، کہ جہاں تم مرے اور خاک اور ہڈیاں ہو گئے،

اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِيَ

تو تم نکالے جاؤ گے● کہاں کی بات، کوسوں دور، جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے● بس یہی ہماری

اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ

دنیاوی زندگی ہے، کہ مرتے ہیں اور جیتے ہیں، اور ہم اٹھائے نہ جائینگے● یہ بس

هُوَ اِلَّا رَجُلٌ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾

کوئی شخص ہے جس نے گڑھنت کر لیا اللہ پر جھوٹ، اور ہم لوگ اس کو نہیں مانتے"●

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

انھوں نے دعا کی، کہ "پروردگار! میری مدد فرما، جو ان سب نے جھٹلا دیا ہے"● ارشاد ہوا کہ ذرا سے میں یہ صبح کریں

نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا

گے پچھتاتے ہوئے● تو پکڑ لیا انہیں چنگھاڑ نے، حق کی طرف سے، تو بنا دیا انہیں کوڑا کرکٹ، تو دور ہوں

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا

اندھیر مچانے والی قوم● پھر ابھارا ہم نے ان کے بعد اور طبقوں کو● نہ

تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا

آئی کوئی امت اپنے وقت سے پہلے، اور نہ رہ گئی اپنے وقت سے پیچھے● پھر بھیجا اپنے رسولوں کو

تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّ

مسلسل۔ جب آیا کسی امت کے پاس اُسکا رسول، تو جھٹلا دیا اسے، تو ہم نے پیچھے لگا دیا ایک کو دوسرے کے، اور

جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا

بنا دی انہیں کہانیاں، تو دور ہوں نہ ماننے والی قوم● پھر بھیجا ہم نے

مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ

موسیٰ اوران کے بھائی ہارون کو۔ اپنی نشانیوں اور کھلی سند کے ساتھ● فرعون

وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

اور اسکے چودھریوں کی طرف، تو وہ سب بڑے بنے اور تھے اونچے لوگ● چنانچہ بولے" کہ کیا ہم مانیں

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا

اپنی طرح کے دو بشر کو؟" اوران کی قوم ہماری پوجا پاٹ کرنے والی ہے● تو جھٹلایا انہوں نے ان دونوں کو،

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾

تو ہلاک ہوگئے● اور بے شک دی تھی ہم نے موسیٰ کو کتاب، کہ وہ لوگ راہ پکڑیں●

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ

اور بنا دیا تھا ہم نے ابن مریم اوران کی ماں کو نشانی، اور ٹھکانہ دیا ان دونوں کو اونچی زمین پر، ٹھہرنے

وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ ع ۳ ۱۸ ۲

کے قابل اور بہتا چشمہ● اے رسولو! کھاؤ پاکیزہ چیزیں اور عمل کرو اپنے لائق۔

اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّ

بیشک میں تمہارے اعمال کا جاننے والا ہوں● اور بیشک یہ تم سب کا دستور ایک ہی دستور ہے، اور

اَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍ

میں تم سب کا رب ہوں، تو مجھے ڈرو● پھر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا انہوں نے اپنے کام کو باہم، فرقہ فرقہ ہوکر، ہر پارٹی

بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾

جو اپنے اپنے پاس ہے، اس سے ہر ایک مگن ہے● تو انہیں چھوڑو انکے نشہ میں کچھ مدت●

اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ

کیا وہ اس خیال میں پڑے ہیں کہ ہم جو مدد کرتے ہیں ان کی مال و اولاد سے● تو جلدی جلدی انہیں

فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ

بھلائیاں دیتے ہیں، بلکہ یہ سارے ہماری منشا سے بے خبر ہیں● ہاں! جو اپنے رب

رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَ

کے خوف سے کانپنے والے ہیں● اور جو اپنے رب کی آیتوں کو مانتے ہیں● اور

الَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ

جو اپنے رب کا شریک نہیں ٹھہراتے ● اور جو دیتے ہیں اپنا دیا ہوا، اور

قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى

انکے دل تھرا رہے ہیں، کہ وہ سب اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ● وہ ہیں کہ جلدی کر رہے ہیں

الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا

نیکیوں میں، اور وہ اس بارے میں بڑھ گئے ● اور ہم نہیں حکم دیتے کسی کو، مگر اسکی سکت بھر کا، اور ہمارے

كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ

پاس کتاب ہے جو بولتی ہے ٹھیک ٹھیک، اور ان پر اندھیر نہ ہوگا ● بلکہ انکے دل اس کی طرف سے

مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰٓى

غفلت و جہالت میں ہیں، اور انکے کام اس سے الگ تھلگ ہیں، جسے وہ کیا کرتے ہیں ● یہاں تک کہ

اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْـَٔرُوا

جب پکڑا ہم نے ان کے آسودہ حالوں کو عذاب میں، تو اب وہ چلّاتے ہیں ● مت چلّاؤ

الْيَوْمَ ۖ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

آج ۔۔ یقیناً تمہیں ہم سے مدد نہ دی جائے گی ● بے شک ہماری آیتیں پڑھی جاتی تھیں تم پر،

فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

تو تم الٹے پاؤں لوٹتے تھے ● اپنی بڑائی مارتے اسکی کہانیاں بناتے، بیہودہ بکتے تھے ●

اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾

تو کیا غور نہیں کیا بات میں؟ یا آ گیا انکے پاس جو نہیں آیا تھا انکے اگلے باپ دادوں کے پاس ●

اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ

یا انہوں نے اپنے رسول کو پہچانا نہیں، تو ان کے منکر ہیں ● یا کہتے ہیں کہ انہیں خبط ہے۔

بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ

بلکہ وہ آئے انکے پاس بالکل ٹھیک، اور انکے بہتیرے حق کو برا جانتے ہیں ● اور اگر پیچھے پیچھے رہتا حق انکی

اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

خواہشوں کے، تو خراب ہو جاتے سارے آسمان اور زمین، اور جو ان میں ہے۔ بلکہ ہم تو لائے انکے

بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ

پاس انکے بول بات کو، تو وہ خود اپنے بول بات سے بے رخی کرنیوالے ہیں● یا تم ان سے معاوضہ مانگتے ہو، کہ تمہارے

رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ

رب کا دینا سب سے بہتر ہے۔ اور وہ خوب روزی دینے والا ہے● اور بلاشبہ تم تو انہیں بلاتے ہو سیدھی راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ ع

کی طرف● اور بے شک جو نہیں مانتے آخرت کو، وہ راہ سے

لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ

مڑے ہیں● اور اگر ہم نے ان پر رحم فرمایا اور دور کر دیا ان کے دکھ کو، تو پھر کھڑے ہوئے

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا

کہ اپنی سرکشی میں مدہوش ہیں● اور بلاشبہ ہم نے انہیں پکڑا تھا عذاب میں، تو نہ جھکے

لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ ع

اپنے رب کیلئے، اور نہ گڑگڑاتے ہیں● یہاں تک کہ جہاں کھول دیا ہم نے ان پر کوئی دروازہ سخت عذاب

شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ

والا، تو وہ اب اس میں ناامید پڑے ہیں● اور وہ وہی ہے، جس نے پیدا فرمایا تمہارے لئے کان

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ

اور آنکھیں اور دِل۔ تم بہت کم شکر گزار ہوتے ہو● اور وہ وہی ہے جس نے پھیلا دیا تمہیں

فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ

زمین میں، اور اسی کی طرف تم اٹھائے جاؤ گے● اور وہ وہی ہے، جو جلائے اور مارے، اور اسی کا ہے

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ

رات دن کا الٹ پھیر۔ تو کیا تم لوگ عقل نہیں رکھتے؟● بلکہ یہ سب تو بولے جیسے اگلے

الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾

بولا کئے● بولے، کہ "کیا جب ہم مر چکے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں، تو کیا ہم اٹھائے جائینگے"●

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

"بیشک یہ دھمکی ہم کو بھی دی گئی، اور ہمارے باپ دادوں کو پہلے سے، یہ نہیں ہے مگر اگلوں کی

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾

کہانیاں“● پوچھو کہ کس کی ہے یہ زمین، اور جو کچھ اس میں ہے؟ اگر تم لوگ جانتے ہو●

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

ابھی بول دینگے کہ اللہ کی، کہو کہ پھر کیوں نہیں سبق لیتے؟● پوچھو کہ کون ہے پروردگار ساتوں آسمانوں کا،

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا

اور پروردگار عرش عظیم کا؟● ابھی بول پڑیں گے اللہ کو، کہو پھر کیوں

تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا

نہیں ڈرتے؟● سوال کرو کہ کس کے ہاتھ میں ہے ہر چیز پر دباؤ؟ اور وہ تو پناہ دیتا ہے اور اسکے

يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى

مقابلہ پر کوئی پناہ نہیں دی جاسکتی، اگر جانتے ہو● ابھی جواب دینگے کہ اللہ کے، کہو پھر کیوں خبط

تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ

میں رہتے ہو؟● بلکہ ہم تو ان کے پاس لائے حق اور بلاشبہ وہی جھوٹے ہیں● نہ اللہ نے اختیار کیا

اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ ۚ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا

کوئی اولاد، اور نہ اس کے ساتھ کوئی معبود ہے، کہ یوں تو لے جاتا ہر معبود جو

خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ عٰلِمِ

پیدا کرتا، اور ضرور چڑھائی بڑائی کرتے ایک دوسرے پر۔ پاکی ہے اللہ کی، جو وہ بک دیتے ہیں● جاننے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ ع قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ ۵ ۱۵ ۵

والا غیب وشہادت کا، بلند و بالا ہے اس سے جسکو شریک بناتے ہیں● تم دُعا سکھا دو کہ ”پروردگار اگر دکھائے بھی تو

مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا

مجھے، جو کافروں سے وعدہ کیا گیا ہے● تو پروردگار نہ رکھنا مجھے ان اندھیر مچانے والوں میں“● اور بلاشبہ

عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ

ہم اس پر کہ تم کو دکھا دیں جسکا ہم کافروں سے وعدہ کرتے ہیں، یقیناً قادر ہیں● دور کرتے رہو بڑی بھلائی

السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

سے برائی کو۔ ہم جانتے ہیں جو بات وہ بناتے ہیں● اور تم یہ دُعا سکھا دو، کہ ”پروردگار اتیری پناہ ہے،

هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ حَتّٰٓى

شیطانوں کے وسوسوں سے● اور تیری پناہ ہے اے رب، کہ وہ میرے پاس آئیں"● بالآخر

اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا

جب آ گئی ان میں سے کسی کی موت، تو دعا کرنے لگا کہ پروردگار! مجھ کو لوٹا دے● کہ میں کروں لیاقت کے

فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى

کام دنیا میں جسے چھوڑ آیا ہوں۔ ہرگز نہیں، یہ ایک بات ہی بات ہے جو وہ زبانی کہے جاتا ہے۔ اور" انکے اِدھر درمیانی پردہ

يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ

ہے، اس دن تک کہ اٹھائے جائیں"● تو جب پھونکا گیا صور میں، تو نہ رہا ان میں نسب اس دن،

وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

اور نہ باہمی پوچھ گچھ کریں● تو جس کا پلہ بھاری رہا، وہی تو کامیاب ہیں●

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِىْ

جس کا پلہ ہلکا پڑا، تو وہ ہیں جنہوں نے اپنا گھاٹا کیا،

جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

جہنم میں ہمیشہ رہنے والے● جھلس دے گی ان کے چہروں کو آگ اور وہ اس میں بگڑی تیوری میں ہونگے●

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

کیا نہیں پڑھی جاتی تھیں تم پر میری آیتیں؟ تو تم انہیں جھٹلاتے تھے● چیخ پڑے" پروردگارا،

غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا

غالب ہوگئی ہم پر ہماری بدبختی، اور ہم گمراہ لوگ تھے● پروردگارا نکال ہمیں اس سے،

فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾

پھر اگر دوبارہ ہم کریں، تو بیشک ہم اندھیر والے ہیں"● فرمان ہوا" کہ دُتکارے پڑے رہو جہنم میں، اور مجھ سے بات نہ کرو"●

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِىْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ

بلاشبہ میرے بندوں کی جماعت تھی، وہ دعا کیا کرتے تھے، کہ" پروردگارا ہم مان گئے، تو ہمیں بخش دے اور

ارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى

رحم فرما، اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے"● تو بنا لیا تھا تم نے انہیں مذاق، یہاں تک

اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ

کہ اس شغل سے بھلا دیا تم نے میری یاد کو، اور ان سے ہنسا کرتے تھے ● بلاشبہ میں نے ثواب دیا انھیں آج،

بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ

جو انہوں نے صبر کیا۔ بے شک وہی کامیاب ہیں ● پوچھا، کہ "کتنا رہے تم زمین میں،

عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾

سال کے حساب سے" ● جواب دیا "کہ ہم رہے ہونگے ایک دن یا اس سے کم"، تو سوال کیجئے "گنتی جاننے والوں سے" ●

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا

فرمایا "تم نہیں ٹھہرے مگر کم، اگر تم علم رکھتے ہوتے" ● تو کیا تم نے خیال کر لیا

خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ

کہ ہم نے پیدا فرمایا ہے تمہیں بس بیکار، اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے؟ ● پس بلند و بالا ہے اللہ، بادشاہ

الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ

سچا۔ نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل اسکے سوا، پروردگار عرش مکرّم کا ● اور جو دہائی دے

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ

اللہ کے ساتھ دوسرے معبود کی، کہ کوئی دلیل نہیں ہے اسکی اسکے پاس، تو اس کا حساب اسکے رب ہی کے یہاں ہے۔ بلاشبہ

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع ۶

کافر لوگ کامیاب نہیں ہوتے ● اور دعا سکھا دو، کہ "پروردگار! بخش دے اور رحم فرما، اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے" ●

سُوْرَةُ النُّوْرِ ۲۴ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۶۴ رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورہ نور مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۶۴ رکوع ۹

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

یہ ایک سورت ہے، کہ اتارا ہم نے جسے، اور فرض بیان کیا اس میں، اور اتارا اس میں کھلی کھلی آیتیں، کہ

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

سبق لو ● زنا کرنے والی اور زنا کرنے والا، تو مارو ان میں سے ہر ایک کو

مِائَةَ جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

سو کوڑے۔ اور نہ آئے تمہیں ان پر کچھ ترس، قانون الٰہی میں، اگر تم

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ

مانتے ہو اللہ کو اور پچھلے دن کو۔ اور حاضر رہے ان کی سزا کے وقت، ایک جماعت

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ لَا

مسلمانوں کی● زانی نکاح نہ کرے، مگر زانیہ یا مشرکہ سے اور زانیہ

يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۳ وَ

نکاح نہ کرے، مگر زانی یا مشرک سے۔ اور حرام کر دیا گیا ہے یہ مسلمانوں پر● اور

الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ

جو تہمت لگائیں، پاکباز بیبیوں کو، پھر نہ لائے چار گواہ،

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَ

تو لگاؤ انہیں اسی کوڑے، اور نہ مانو ان کی گواہی کبھی۔ اور

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۴ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

خود وہی نافرمان ہیں● مگر جس نے توبہ کر لی اس کے بعد، اور

اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ

لائق بنا لیا اپنے کو، تو بلاشبہ اللہ غفور رحیم ہے● اور جو عیب لگائیں اپنی بیبیوں کو،

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ

اور نہ ہوں ان کے گواہ، سوا خود اپنے کے، تو فریقین میں سے ایک کی گواہی ہے چار مرتبہ

شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۶ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ

گواہی دینا، اللہ کے نام سے، کہ وہ سچا ہے● اور پانچویں یہ کہ اللہ کی

اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۷ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ

لعنت ہو اس پر، اگر وہ جھوٹا ہے● اور ہٹا دیتا ہے عورت سے سزا کو،

اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ وَالْخَامِسَةَ

یہ کہ وہ دے چار بار گواہیاں اللہ کے نام سے، کہ مرد جھوٹا ہے● اور پانچویں

اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹ وَلَوْلَا فَضْلُ

کہ اللہ کا غضب ہو اس پر، اگر مرد سچا ہو● اور کیا ہوتا، اگر نہ ہوتا،

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ع ۱۱

اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت، اور یہ کہ اللہ توبہ قبول فرمانے والا حکمت والا ہے● بیشک جنہوں نے

جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ

گڑھا اتنا بڑا بہتان تمہیں سے کچھ ہیں۔ اس کو اپنے لئے بُرا نہ سمجھو، بلکہ وہ بہت

خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ

اچھا ہے تمہارے لئے ان میں سے ہر ایک کا گناہ وہ جو اس نے کمایا، اور جس نے

تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ

بڑا حصہ لیا اس کے لئے بڑا عذاب ہے● کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے سنا اسے، تو

ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ

گمان رکھتے ایمان والے مرد و عورت، اپنوں کے ساتھ اچھا۔ اور کہہ دیتے کہ یہ

اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ

کھلا ہوا بہتان ہے● کیوں نہ لائے اس کے چار گواہ۔ اب جو نہ لائے

يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْلَا

گواہ، تو وہی اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں● اور اگر نہ

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ

ہوتا اللہ کا فضل تم پر، اور اس کی رحمت دنیا و آخرت میں، تو ضرور پہنچ جاتا تمہیں

مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ۚ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَ

اس میں جس میں تم لوگ پڑ گئے تھے، بڑا عذاب● جو ایک دوسرے کی زبان سے لیتے تھے، اور

تَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ

اپنے منہ سے کہہ ڈالتے تھے، جس کا تمہیں کچھ علم نہیں، اور تم خیال کرتے رہے اس کو معمولی بات۔

وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ

اور وہ اللہ کے نزدیک بڑی بات ہے● اور کیوں نہ ہوا کہ جب سنا تھا تم نے اسے، تو کہہ دیتے

لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ

کہ ہمیں حق نہیں کہ ایسا بولیں۔ پاکی ہے تیری، یہ بڑا بہتان ہے● نصیحت

اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ

فرمائے دیتا ہے تمہیں اللہ، کہ دوبارہ ہو ایسا کبھی، اگر ماننے والے ہو● اور بیان فرماتا ہے،

اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ

اللہ تمہارے لئے آیتوں کو۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے● بے شک جو چاہتے ہیں

اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِى

کہ پھیل جائے برا چرچا مسلمانوں میں، انکے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے۔

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ

دنیا و آخرت میں۔ اور اللہ جانتا ہے اور تم لوگ نہیں جانتے● اور غضب تھا اگر نہ ہوتا

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۲ ۸ النصف

اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت، اور یہ کہ اللہ بڑا مہربان رحم فرمانے والا ہے● اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

والو! نہ لگو شیطان کے قدموں سے۔ اور جو لگا شیطان کے قدموں سے،

فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

تو بلاشبہ وہ تو حکم دے بے حیائی اور برائی کا۔ اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور

رَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّىْ مَنْ

اس کی رحمت، تو کوئی تم میں سے پاکیزہ کبھی نہ ہوتا۔ لیکن اللہ پاک فرمادے جسے

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ

چاہے۔ اور اللہ سننے والا علم والا ہے● اور نہ قسم کھا بیٹھیں تم میں فضیلت والے

وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْۤا اُولِى الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ

اور گنجائش والے، قرابت والوں اور مسکینوں اور راہِ خدا میں گھر بار

فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ

چھوڑنے والوں کو دینے سے، اور چاہئے کہ معاف کر دیں اور درگزر کریں۔ کیا تم لوگ نہیں چاہتے کہ

يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

اللہ بخش دے تمہیں۔ اور اللہ غفور رحیم ہے● بے شک جو عیب لگائیں،

الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

پارسا، انجان مسلمان عورتوں کو، وہ لعنت کئے گئے ہیں دنیا و آخرت میں۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ

اور انکے لئے بڑا عذاب ہے● جس دن کہ گواہی دیں گی ان پر ان کی زبانیں، اور ان کے ہاتھ

وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ

اور ان سب کے پاؤں، جو کیا کرتے تھے● اس دن پورا پورا دے گا انہیں اللہ ان کا ٹھیک ٹھیک

الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ

بدلا، اور وہ سب جان لیں گے کہ بلاشبہ اللہ ہی حق، روشن ہے● گندیاں

لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَ

گندوں کیلئے اور گندے گندیوں کیلئے۔ اور پاکدامن، پاکبازوں کیلئے، اور

الطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ

پاکباز پاکدامنوں کیلئے ہیں۔ وہ بَری ہیں اس سے، جو لوگ بکتے ہیں۔ انکے لئے

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا ع ۳

بخشش اور عزت والی روزی ہے● اے مسلمانو نہ جاؤ گھروں میں، اپنے

غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ

اپنے گھروں کے سوا، یہاں تک کہ اجازت لے لو اور سلام کرو گھر والوں پر۔ یہ تمہارے لئے بہتر،

لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا

ہے، اگر سوچو● پھر اگر نہ پایا تم نے اس میں کسی کو، تو اس میں نہ جاؤ، یہاں تک

حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ

کہ اجازت دی جائے تمہیں۔ اور اگر تمہیں کہہ دیا جائے کہ واپس جاؤ، تو واپس ہو جاؤ، یہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ ہے۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا

اور اللہ جو کرو وہ جانتا ہے● تمہارے لئے کوئی مضائقہ نہیں، کہ جاؤ ایسے گھروں میں

غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾

جس میں کوئی خاص نہ رہتا ہو، اس میں تم کو رہنے کا حق ہے، اور اللہ جانتا ہے تم لوگ جو ظاہر کرو اور جو چھپایا کرو●

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ

حکم دو اپنے ماننے والوں کو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت رکھیں۔ یہ زیادہ

اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ

پاکیزہ ہے انکے لئے۔ بیشک اللہ باخبر ہے جو بھی وہ کریں ● اور حکم دو ایمان والیوں کو، کہ وہ اپنی نگاہیں

مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا

نیچی رکھیں، اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت رکھیں، اور نہ ظاہر کریں اپنی آرائش کو، مگر جو

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ

خود ظاہر ہے اور ڈال لیا کریں اپنے دوپٹوں کو اپنے گریبانوں پر۔ اور نہ ظاہر کریں

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ

اپنے بناؤ سنگار کو، مگر اپنے شوہروں کیلئے، یا اپنے باپ، یا خسر، یا اپنے بیٹوں،

اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ

یا اپنے شوہروں کے بیٹوں، یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھتیجوں، یا اپنے بھانجوں،

اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ

یا اپنی عورتوں یا اپنے دستِ ملکیت کی لونڈیوں یا نوکروں پر، جو ابھی جوان

مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪

مرد نہیں، یا بچوں پر، جو ابھی نہیں جانتے عورتوں کی شرم کی چیزوں کو۔

وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا

اور نہ ماریں اپنے پاؤں، تاکہ جان لیا جائے جو چھپائے ہیں اپنی آرائش۔ اور توبہ کرو

اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

اللہ سے سب کے سب، اے ایمان والو، کہ تم اپنی مراد پاؤ ● اور نکاح کردو اپنے

مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ

ناکتخداؤں کا، اور لائق غلاموں اور باندیوں کا۔ اگر وہ نادار ہیں، تو اللہ غنی کر

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا

دیگا انہیں اپنے فضل سے۔ اور اللہ وسعت والا علم والا ہے ● اور پاکدامن رہیں جو نہ پائیں

يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ

نکاح کی سکت، یہاں تک کہ غنی کر دے انہیں اللہ اپنے فضل سے۔ اور جو لوگ چاہیں تمہارے

الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ

لونڈی غلاموں سے اپنے مال دینے کی شرط پر آزادی کی کوئی تحریر، تو لکھ کر دے دو اگر تم نے جان لیا ہو ان میں کوئی بھلائی۔ اور تم

مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ

لوگ دیدیا کرو انہیں اللہ کے مال سے، جو اس نے دے رکھا ہے تمہیں۔ اور نہ مجبور کرو اپنی جوان لونڈیوں کو بدکاری پر، اگر وہ

اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ

پاکبازی چاہیں، کہ تم چاہو دنیاوی زندگی کی پونجی، اور جو انہیں مجبور کرے گا، تو بے شک

اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ

اللہ ان کے مجبور کئے جانے کے بعد غفور رحیم ہے● اور بیشک اتارا ہم نے تمہاری طرف روشن

مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ ع ۴

آیتیں، اور واقعے ان کے، کہ تم سے پہلے ہوگزرے، اور نصیحت ڈر جانے والوں کیلئے●

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ

اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا۔ اس کے نور کی مثال جیسے ایک طاق، اس میں چراغ ہے۔

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ

چراغ فانوس میں ہے۔ فانوس گویا ستارہ ہے موتی جیسا، روشن کیا جاتا ہے

شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ

مبارک درخت زیتون سے، جو نہ پورب کا نہ پچھم کا۔ اب اس کا تیل روشن ہونے کو ہے، گو

لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ

نہ چھو جائے اسے آگ۔ نور بالائے نور۔ اللہ اپنے نور کی راہ دے جسے چاہے۔ اور

يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ

اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے لوگوں کیلئے۔ اور اللہ ہر موجود کو جاننے والا ہے● ان گھروں میں

اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَ

جن میں حکم دیا اللہ نے کہ بلند کی جائیں، اور ان میں اسکے نام کا چرچا کیا جائے، اس کی تسبیح کرتے ہیں اس میں صبح و

الْاٰصَالِ ﴿۳۷﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ

شام● ایسے مرد میدان، کہ نہ مشغول کر لیتی انہیں دکانداری اور نہ خرید وفروخت، اللہ کو یاد کرنے سے، اور

اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ

نماز کی پابندی اور زکوٰۃ کے دینے سے، ڈرتے ہیں اس دن کو، کہ الٹ پلٹ ہو جائینگے جس میں

وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ

دل اور آنکھیں● تاکہ ثواب دے انہیں اللہ، انکے کئے سے زیادہ بہتر، اور زیادتی فرمائے اپنے فضل سے۔

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ

اور اللہ روزی دے جسے چاہے اَن گنت● اور جنھوں نے کفر کیا، ان کا سب کیا دھرا،

كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا

جیسے چمکتی ریت چٹیل میدان کی، کہ خیال کرتا ہے پیاسا کہ پانی ہے، یہاں تک کہ جب آیا اسکے پاس، تو نہ پایا اسے کچھ،

وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ

اور اللہ ہی کو وہاں پایا، تو اس نے پورا پورا حساب کتاب کر دیا۔ اور اللہ جلد حساب کرنیوالا ہے● یا جیسے

كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ

اندھیریاں کسی کنڈ والے دریا میں، جسے ڈھانپے ہے موج، اس کے اوپر پھر موج، اس کے اوپر

سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ

بادل۔ تاریکیاں ہیں ایک پر ایک۔ جہاں اپنا ہاتھ نکالا، تو دیکھ نہ پایا۔

وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ

اور جسکے لئے اللہ نے نور نہ رکھا، تو اسکے لئے کوئی نور ہی نہیں● کیا تم نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ کی تسبیح

لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ

کرتے ہیں آسمانوں والے، اور زمین والے، اور پر نداڑتے ہوئے۔ سب جانکار ہیں اپنی نماز

وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

وتسبیح کے۔ اور اللہ کو علم ہے جو سب کرتے ہیں● اور اللہ ہی کی ہے ملکیت آسمانوں اور زمین کی۔

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ

اور اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے● کیا تم نے نہ دیکھا؟ کہ اللہ حرکت دیتا ہے بادل کو، پھر اکٹھا کرتا ہے ان سب کو،

ع ۵

ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ

پھر کرتا ہے انہیں تہہ پر تہہ، تو دیکھتے ہو کہ قطرہ نکلتا ہے اس کے اندر سے۔ اور اتارتا ہے آسمان کی

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ

طرف سے ان کے پہاڑوں سے اولے، پھر بہاتا ہے جس پر چاہے، اور روک دیتا ہے جس سے

مَّنْ يَّشَآءُ ۭ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝۴۳ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ

چاہے، اس کی بجلی کی چمک، لے ہی جانے کو ہے آنکھیں● الٹتا پلٹتا ہے اللہ رات

وَالنَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۴۴ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ

اور دن کو، بے شک اس میں درس ہے آنکھ والوں کیلئے● اور اللہ نے پیدا فرمایا ہر چلتے

دَاۗبَّةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰي بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ

جاندار کو پانی سے، تو کوئی ہے کہ پیٹ کے بل چلتا ہے۔ اور کوئی چلتا ہے

عَلٰي رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓي اَرْبَعٍ ۭ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّ

دو پایوں پر۔ اور کوئی چلتا ہے چار پر۔ اللہ پیدا فرمائے جو چاہے۔ بیشک

اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۵ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ

اللہ ہر چاہے پر قادر ہے● بے شک اتارا ہم نے روشن آیتوں کو۔ اور اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴۶ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ

راہ دیتا ہے جسے چاہے، راہِ راست کی● اور کہہ تو دیتے ہیں کہ ہم مان گئے اللہ اور

بِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ

رسول کو، اور حکم مانا، پھر کچھ ان میں سے پھر جاتے ہیں اس کے بعد۔ اور وہ ماننے

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝۴۷ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا

والے ہی نہیں ہیں● اور جب بلائے گئے اللہ و رسول کی طرف، کہ فیصلہ کر دیں ان کا اس وقت، ان

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۴۸ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ

میں سے کچھ بے رخی کرنے والے ہیں● اور اگر ہو ان کے حق میں فیصلہ، تو آئیں اسکی طرف

مُذْعِنِيْنَ ۝۴۹ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ

یقین مانتے● کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے؟ یا شک کر رکھا ہے، یا ڈرتے ہیں کہ زیادتی کریں گے

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ

ان پر اللہ و رسول ۔ بلکہ خود وہی اندھیر مچانے والے ہیں● مسلمانوں کی بات تو بس

الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا

یہ ہے، کہ جب بھی بلائے گئے اللہ اور رسول کی طرف، تاکہ وہ رسول فیصلہ فرمادیں ان میں، تو

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

عرض کریں کہ سن لیا اور کہا مان لیا۔ وہی کامیاب ہیں● اور جو کہا مانے اللہ

وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَقْسَمُوْا

اور اسکے رسول کا، اور ڈرے اللہ کو، اور خوف رکھے اس کا، تو وہی کامیاب ہیں● اور وہ لوگ

بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ

قسم کھا گئے اللہ کی، بڑے زور کی قسم، کہ اگر آپ نے حکم دیا انہیں تو ضرور لڑنے کو نکل پڑینگے۔ کہہ دو کہ قسمیں نہ کھاؤ، کہا

مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

مان لینا ہی اصل نیکی ہے، بیشک اللہ باخبر ہے جو تم کروگے● حکم دے دو کہ کہا مانو اللہ کا اور کہا مانو

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَ

رسول کا۔ پھر بھی اگر بے رخی کی، تو رسول پر ذمہ داری وہی ہے جو انکے اوپر لگائی گئی ہے، اور تم لوگوں پر وہ بوجھ ہے جو تم پر لادا گیا ہے۔

اِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ

اور اگر ان کا کہا مانو، تو راہ پاجاؤ۔ اور رسول پر ذمہ داری صرف علانیہ تبلیغ کی ہے● وعدہ فرمالیا

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى

اللہ نے ان سے، جو تم میں سے ایمان لاچکے اور لیاقت والے کام کئے، کہ ضرور خلیفہ بنائے گا انہیں

الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ

زمین میں، جس طرح حکومت دی تھی انہیں، جو ان سے پہلے ہوئے، اور ضرور جمادے گا انکے لئے اس

دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ

دین کو، جس کو پسند فرمالیا انکے لئے، اور ضرور بدلہ میں دے گا ان کے خوف کے امن کو۔

يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِىْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

کہ مجھ کو پوجتے رہیں اور نہ شریک بنائیں میرا کسی چیز کو۔ اور جس نے ناشکری کی اس کے بعد، تو وہ

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

نافرمان ہیں● اور پابندی رکھو نماز کی، اور دیتے رہو زکوٰۃ کو، اور کہا مانو رسول کا، کہ

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ

تم رحم کئے جاؤ● اس کا خیال بھی نہ کرنا کہ جنھوں نے کفر کیا، ہم سے بھاگ نکلیں گے زمین میں۔

وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۵۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ ع ۱۳

اور ان کا ٹھکانا تو ہے آگ، اور واقع میں کتنا برا ٹھکانا ہے● اے مسلمانو! اجازت لے لیا کریں

الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ

گھر میں آنے کی، جو تمہارے دست ملکیت میں ہیں، اور جو ابھی بالغ نہیں ہوئے تم میں سے، تین

مَرّٰتٍ ۭ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ

موقع پر۔ نماز فجر سے پہلے، اور جب کہ اتار کر رکھ دیتے ہو تم اپنے کپڑوں کو

الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاۗءِ ۭ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ

دوپہر کا وقت، اور نماز عشاء کے بعد۔ یہ تین شرم کے اوقات ہیں۔ نہ

عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ

تم پر اور نہ ان پر کوئی الزام ہے ان وقتوں کے بعد۔ آنے جانے والے ایک دوسرے

عَلٰي بَعْضٍ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾

کے پاس۔ اس طرح بیان فرماتا ہے اللہ تمہارے لئے آیتیں۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے●

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ

اور جب پہنچ چکیں تمہارے بچے بلوغ کو، تو انہیں بھی اجازت مانگنی چاہئے، جس طرح اجازت مانگا ان

مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

سے عمر کے پہلوں نے۔ اسی طرح بیان فرماتا ہے اللہ تمہارے لئے اپنی آیتوں کو، اور اللہ علم والا حکمت والا ہے●

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ

اور بیٹھ جانے والی بوڑھی عورتیں، جنھیں نہیں رہ گئی امید نکاح کی، تو ان پر کچھ

جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ

الزام نہیں، کہ رکھ دیا کریں اپنے اوپری کپڑے، بغیر مقام زینت کو دکھلاتے۔ اور اس سے

يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى

بھی بچنا زیادہ بہتر ہے انکے لئے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے● نہ اندھے پر

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا

الزام، اور نہ لنگڑے پر جرم۔ اور نہ بیمار کی پکڑ۔ اور نہ

عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

تم سب پر، کہ کھالو اپنوں کے گھر، یا اپنے باپ دادا کے گھر، یا اپنی

اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ

ماں کے گھر، یا اپنے بھائیوں کے گھر، یا اپنی بہنوں کے گھر، یا اپنے چچاؤں کے گھر،

اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا

یا اپنی پھوپھیوں کے گھر، یا اپنے ماموؤں کے گھر، یا اپنی خالاؤں کے گھر، یا جس

مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا

گھر کی کنجیاں ملکیت میں ہوں، یا اپنے دوست کے یہاں۔ تم پر کوئی گناہ نہیں کہ جمع ہو کر کھاؤ

جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ

یا الگ الگ۔ تو جب جانا چاہا کسی گھر میں، تو سلام کرو اپنے لوگوں پر،

تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

دعائے ملاقات، مبارک و پاکیزہ کرتے ہوئے اللہ سے۔ اس طرح سے بیان فرماتا ہے اللہ تمہارے لئے آیتیں،

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ ع اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ع ۱۴ ۶

کہ عقل سے کام لو● مسلمان تو وہی ہیں جو مان گئے اللہ اور اس کے رسول کو،

وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ

اور جب ہوں رسول کے ساتھ کسی کام میں، جس نے اکٹھا سب کو کیا ہو، تو پھر نہ گئے یہاں تک کہ رسول سے اجازت لے لی۔ بیشک

الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

جو اجازت لیتے ہیں تم سے، وہی ہیں جو مانتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو۔

فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَ

تو جب اجازت مانگ لی تم سے اپنی کسی بات کی، تو اجازت دے دو انہیں جسے چاہو، اور

اسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ

اللہ کی مغفرت چاہو انکے لئے، بیشک اللہ غفور رحیم ہے● نہ قرار دو رسول کی

بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ

پکارکو، باہم جیسے ایک دوسرے کوتمہارا پکارنا ہے، بیشک اللہ جانتا ہے انہیں، جوکھسک نکلتے ہیں تمہارے مجمع سے

لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ

آڑ لے کر۔ تو ڈرتے ہی رہیں جومخالفت کریں حکم رسول سے، کہ پہنچا چاہتا ہے ان تک کوئی فتنہ،

اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اور پہنچ کے رہیگا انہیں دکھ والا عذاب● اچھی طرح سمجھ لو، کہ بلاشبہ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

قَدْ يَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا

وہ جانتا ہے جس پر تم ہو۔ اور اس دن کو کہ لوگ لوٹائے جائینگے اس کی طرف، تو بتادے گا انہیں، جو

عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾ ع ۹

کر رکھا ہے۔ اور اللہ ہر علم کا علیم ہے۔●

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ ۲۵ مَكِّيَّةٌ ۴۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۷ رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ فرقان مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۷۷ رکوع ۶

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ

کتنا برکت والا ہے جس نے اتارا فیصلہ حق و باطل قرآن کو اپنے بندہ پر، تاکہ ہوں سارے جہان کو

نَذِيْرَا ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا

ڈرانے والے● وہ کہ، جس کی ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی، اور نہیں اختیار فرمایا اولاد کو،

وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ

اور نہ اس کا کوئی شریک ہے بادشاہی میں، اور پیدا فرمایا ہر چیز کو، پھر اس کا مناسب

تَقْدِيْرًا ﴿۲﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ

اندازہ رکھا● اور لوگوں نے بنالئے معبود، ان من دونِ اللہ کو، جو نہ پیدا کریں کچھ، اور وہ

يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا

پیدا کئے جاتے ہیں، اور نہ کرسکیں اپنا نقصان نہ نفع، اور اختیار رکھیں مرنے کا،

وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۳ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ۨ

نہ جینے کا، نہ اٹھنے کا● اور بک دیئے جنہوں نے کفر کر رکھا ہے، کہ نہیں ہے یہ قرآن مگر بہتان،

افْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۝۴ وَ

جسکو رسول نے گڑھ لیا ہے، اور مدد کر دی اس پر دوسروں نے، تو یہ بکنے والے خود اُتر آئے اندھیر اور جھوٹ پر● اور

قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۵

وہ سب بولے کہ اگلوں کی کہانیاں ہیں جن کو رسول نے لکھ لی ہیں، تو وہی پڑھی جاتی ہیں ان پر صبح و شام●

قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

جواب دو، کہ "اس کو اتارا ہے اس نے جو جانتا ہے بھید کو آسمانوں اور زمین میں۔ بے شک وہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۶ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَ

غفور رحیم ہے"● اور وہ بکا کئے کہ کیا ہے اس رسول کو کہ کھاتا ہے کھانا، اور

يَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷

چلتا ہے بازاروں میں۔ کیوں نہ اتارا گیا ان کی طرف کوئی فرشتہ، کہ ہوتا انکے ساتھ ڈرانے والا●

اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ

یا آپڑتا ان کی طرف غیبی خزانہ، یا ان کے باغ ہوتے، جس سے کھاتے رہتے۔ اور ان اندھیر والوں نے

اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۸ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ

کہہ دیا، کہ نہیں پیروی کرتے ہو مگر ایک جادو کئے ہوئے شخص کی● دیکھو تو کیسی کہاوت بولے تمہارے لئے،

فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝۹ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَاۗءَ جَعَلَ

تو ایسے بے راہ ہوئے، کہ نہ رہ گئی کوئی راہ● بڑی برکت والا ہے جو انشاء اللہ دے

لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ

چکا تمہیں اس سے بہتر، ایسے باغ کہ بہتی ہیں جس کے نیچے نہریں اور کر دکھائے گا

لَّكَ قُصُوْرًا ۝۱۰ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ

تمہارے لئے عالیشان محل● بلکہ وہ تو قیامت کو جھٹلا چکے۔ اور مہیا فرما دیا ہم نے اسکے لئے جس نے جھٹلایا

بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۝۱۱ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا

قیامت کو، جہنم● جہاں اس نے دیکھ پایا ان کافروں کو دور سے، تو ان سب نے سنا اس کا جوش

وَّزَفِيْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ

اور شور● اور جب ڈالے جائینگے اسکے کسی تنگ جگہ میں جکڑے ہوئے، تو وہاں مانگنے لگے

ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ

موت کو● مت مانگو آج ایک موت، اور مانگو بہت سی موتیں● پوچھو، کہ

اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ

"کیا یہ بہتر ہے، یا سدا بہار جنت؟" جس کا وعدہ کئے گئے اللہ سے ڈرنے والے۔ یہ ہے ان کا ثواب

جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ

اور ٹھکانہ● انکے لئے اس میں ہے جو چاہیں، ہمیشہ رہنے والے۔ یہ تمہارے رب کا

وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

ذمہ دارانہ وعدہ ہے● اور جس دن اٹھائے گا انہیں، اور جو ان کے معبود من دون اللہ ہیں

فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

ان کو، پھر فرمائے گا" کیا تم نے گمراہ کیا تھا میرے ان بندوں کو، یا انہوں نے خود کھو دیا راہ کو؟●

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ

سب بولے" پاکی ہے تیری، ہمیں حق نہیں کہ بنائیں تجھے چھوڑ کر مقابلہ کے مددگار،

وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾

ہاں تو نے ہی انکو رہنے سہنے دیا اور انکے باپ دادوں کو، یہاں تک کہ سب بھول گئے سبق، اور ہو گئے ہلاک ہونیوالے"●

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَ

تو بلاشبہ اے کافرو، تمہیں تو ان سب نے جھٹلا دیا، تو نہ اپنی بلا پھیر سکو اور نہ مدد پا سکو۔ اور

مَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ

جو اندھیر مچائیگا تم لوگوں میں سے، تو چکھا دینگے ہم اسے بڑے عذاب کا مزہ● اور نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَ

رسولوں کو، مگر یہ کہ وہ کھانا کھاتے ہیں، اور بازاروں میں چلتے ہیں۔ اور

جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۱ ۱۷

بنا دیا ہم نے تم سے ایک کو دوسرے کیلئے امتحان۔ کیا صبر سے کام تم لوگ لوگے؟ اور تمہارا پروردگار دیکھ رہا ہے●